## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین کی مسلم لیگ فنکشنل کے سربراہ پیر صاحب پگارا سے ٹیلیفون پر گفتگو

## دونوں رہنماؤں کے درمیان ملک کی سیاسی صورتحال پر تبادلہء خیال کیا

## الطاف حسین نے ملک میں انقلاب کے حوالے سے پیر پگارا کے خیالات کو سراہا اور ان کی صحتیابی کی دعا کی

## ملک کی خیر خواہی اور عظیم تر مفاد کیلئے ہم خیال جماعتوں کا اکٹھا ہونا ضروری ہے۔الطاف حسین اور پیر پگارا میں اتفاق

لندن۔۔۔ 2 مارچ 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین نے مسلم لیگ فنکشنل کے سربراہ اور حروں کے روحانی پیشوا پیر صاحب پگارا سے ٹیلیفون پر گفتگو کی۔دونوں رہنماؤں نے ملک کی سیاسی صورتحال پر تبادلہء خیال کیا۔جناب الطاف حسین نے ملک میں انقلاب کے حوالے سے پیر پگارا کے خیالات کو سراہا اور ان کی صحتیابی اور درازیء عمر کی دعا کی۔دونوں رہنماؤں نے گفتگو میں اس امر پر اتفاق کیا کہ ملک کی خیر خواہی اور عظیم تر مفاد کیلئے ہم خیال جماعتوں کا اکٹھا ہونا ضروری ہے۔جناب الطاف حسین نے پیر صاحب پگارا سے درخواست کی کہ وہ ان کیلئے دعا کریں اور ملک کی فلاح و بہود کیلئے بھی دعا کریں۔

☆☆☆☆☆